BE SAFE CHICAGO



# محفوظ رہیں۔
# میوزیمز

# محفوظ رہیں۔ میوزیمز

اس گائیڈ میں کیا ہے؟

بتدریج دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

## احتیاط سے دوبارہ کھولنے پر شکاگو درج ذیل کا تقاضا کرتا ہے:

## صحت مندانہ میل جول

### سماجی دوری



دوسرے افراد سے جسمانی فاصلے پر پابندیاں

### مجمع کا سائز



افراد کے مجمع پر تحدیدات

### حفاظتی پوشش



افراد کے ذریعے حفاظتی پوشش کا استعمال

### حفظان صحت کے تقاضے



حفظان صحت سے متعلق میل جول کو یقینی بنانا (جیسے، ہاتھ دھونا)

## محفوظ جگہیں اور حالات

### داخلہ تک رسائی



جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/نکاسی کی حالت

### صفائی کے معیارات




جگہ کی جراثیم ربائی کے لیے اختیار کردہ اقدامات

### مرئی رہنمائی



جگہ میں پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی

### جائے کار کے حالات



پیدل ٹریفک، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

## عمل آوری کی بحالی اور نگرانی

### لچک پذیر ماڈلز



بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ ورک (ممکن ہونے پر)

### عمل آوری کی بحالی



عمل آوری سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون (جیسے، متعدد شفٹس)

### سفر سے متعلق ہدایات



مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

### جانچ کرنا / ٹریک کرنا




جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسائی

BE SAFE CHICAGO

- تجویز کردہ رہنمائی -

# محفوظ رہیں۔ میوزیمز
## عکاسی کرنے والی مثال

بتدریج دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)




## کیا چیز مختلف ہوگی؟


1. **میل جول کے تجربات** کو رابطہ کم کرنے کے لیے **موافق بنایا یا عارضی طور پر بند** کیا جا سکتا ہے
2. میوزیم میں **نقل و حرکت کی روانی زیر قابو ہو** تاکہ زیادہ بھیڑ بھاڑ کو روکا جائے اور سماجی دوری کو فروغ دیا جائے
3. ملازمین میوزیم کی فسیلیٹز کی **کثرت سے جراثیم ربائی کریں**
4. پوری فسیلیٹیز میں **سینیٹیشن اسٹیشنز** آمادگی کی حد تک دستیاب ہوں
5. ملازمین اور ملاقاتیوں سے **فیشل کورنگ** پہننے کا تقاضا کیا جاتا ہے
6. **مرئی علامتی تختی پورے میوزیم میں** حفظان صحت، سماجی دوری، مناسب PPE وغیرہ کے سلسلے میں آویزاں کی گئی ہو
7. سماجی دوری کو فروغ دینے کے لیے **گروپ ٹورز عارضی طور پر منقطع کیے جائیں**

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ میوزیمز

## صحت مندانہ میل جول

بتدریج دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)




### افراد کے بیچ 6 فیٹ سے زیادہ یقینی بنائیں

- یقینی بنائیں کہ ملاقاتی اور عملہ قطار میں کھڑے ہونے، ایلیویٹرز استعمال کرنے اور فسیلیٹیز میں گھومنے کے وقت 6 فیٹ سے زیادہ کی سماجی دوری کی مشق کریں
- اگر قابل عمل ہو تو، جہاں 6 فٹ کی سماجی دوری ممکن نہ ہو وہاں (جیسے باکس آفس/ٹکٹنگ) پر طبعی رکاوٹیں فراہم کریں
- جہاں مناسب ہو وہاں، مجمع یا گھٹن والے مقامات میں سماجی دوری نافذ کرنے کے لیے عملہ وقف کریں




### گنجائش کو 25% تک، کھلی جگہوں میں مجمع کو زیادہ سے زیادہ 50 افراد تک محدود کریں

- تمام اندرونی جگہوں اور نمائشوں کے لیے گنجائش کو 25% تک محدود کریں
- گروپوں میں حاضری کو زیادہ سے زیادہ 50 افراد تک محدود کریں
- کیفیٹیریا، میٹنگ رومز اور جمع ہونے کے دیگر مقامات پر ملازمین کے مجمع کو زیادہ سے زیادہ 50 افراد تک محدود کریں
- گروپ ٹورز عارضی طور پر ختم کریں
- یقینی بنائیں کہ از خود رہنمائی والے آڈیو ٹؤرز کے مدنظر آڈیو آلات کو صارفین کے بیچ پوری طرح سے صاف اور سینیٹائز کیا جاتا ہے
- جہاں ممکن ہو وہاں، آڈیو کلپس کے لیے QR کوڈز استعمال کریں تاکہ مہمانوں کو از خود رہنمائی والے آڈیو ٹورز کے لیے ذاتی ڈیوائسز استعمال کرنے کی سہولت ملے

حفاظتی پوشش

## تمام ملازمین اور ملاقاتیوں کے فیس کورنگ پہنے کو یقینی بنائیں

- کسی عمومی اندرون اور بیرون کی جگہوں پر، ناک اور منہ پر فیس کورنگز پہننا ضروروی ہے (ایسی طبی کیفیات یا معذوریوں کے حامل افراد کے لیے استثناء ہو سکتے ہیں جو انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننے سے باز رکھتی ہیں)
- اگر قابل عمل ہو تو، ملاقاتیوں کے ساتھ کاروبار کا ٹرانزیکشن کرنے والے ملازمین کے لیے قابل ضیاع دستانے فراہم کریں (صرف ایک بار استعمال کے لیے، لیٹیکس سے پاک کی تجویز کی جاتی ہے) اور یقینی بنائیں کہ دستانے استعمال کرنے سے پہلے اور اس کے بعد ہاتھوں کو دھویا جاتا ہے

حفظان صحت کے تقاضے

## تمام ملازمین اور ملاقاتیوں کے لیے ہاتھ دھونے اور ہنیڈ سینیٹائزنگ کی ترغیب دیں

- تمام عملہ اور ملاقاتیوں کے لیے کثرت سے ہاتھ دھونے اور / یا سینیٹائزیشن کی ترغیب دیں
- داخلہ کے مقامات پر ہینڈ سینیٹائزر فراہم کریں یا جراثیم رہا مواد کا چھڑکاؤ کریں اور یقینی بنائیں کہ عملہ اور ملاقاتیوں کو ان کی آمد کے دوران ہیند سینیٹائزر / ہاتھ دھونے کے اسٹیشنوں تک رسائی حاصل ہے
- شروع میں کام پر واپس آتے وقت COVID-19 سے متعلق صحت و سلامتی کی تربیت فراہم کریں
- اگر قابل اطلاق ہو تو، ٹچ ہونے والی سطحوں کے ساتھ محافظ صحت میل جول یقینی بنائیں (جیسے، دستانے، اسٹائلس فراہم کریں) یا رسائی بند کر دیں

# محفوظ رہیں۔ میوزیمز

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات

بتدریج دوبارہ شروع کریں (مرحلہ IV)



**داخلہ تک رسائی**

### ملازمین کی صحت کی اسکریننگ کا پروٹوکول، داخل ہونے کے لیے ملاقاتی سے متعلق رہنمائی تشکیل دیں

- گھر چھوڑنے سے پہلے تمام افراد کو علامات کو از خود شناخت کرنے اور علامات موجود ہونے کی صورت میں گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- اسٹبلشمنٹ میں داخل ہونے سے پہلے، ملازمین از خود اسکریننک کرکے COVID-19 کی علامات نہیں ہونے کو یقینی بنائیں (جیسے، سوالنامہ – ضمیمہ دیکھیں)
- ملازمین میں اگر علامات نظر آ رہے ہوں یا وہ بیمار محسوس کرنے کی رپورٹ کر رہے ہوں تو انہیں کام پر رپورٹ نہیں کرنا چاہیے — یا انہیں کام پر رہنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے



**صفائی کے معیارات**


### زیادہ ٹچ ہونے والے آئٹمز کے لیے صفائی کے سخت معیارات طے کریں

- اگر مناسب ہو تو، کام کی سطحوں اور زیادہ ٹچ ہونے والے مقامات (جیسے، دروازے کے دستے) کی EPA سے رجسٹرڈ صفائی والے پروڈکٹس سے کثرت سے روزانہ اور رات کے اوقات میں صفائی یقینی بنائیں
- اگر مناسب ہو تو، ثقافتی وسائل کے جراثیم ربائی کے لیے تجویز کردہ صفائی کے طریقے کار پر عمل کریں
- ہر شفٹ کے بیچ اور/یا ساز و سامان کسی نئے فرد کو منتقل کرتے وقت مشترک ٹولز اور ساز و سامان کو سینیٹائز کریں




## حفظان صحت کے معیارات اور داخلہ کے تقاضوں پر مرئی رہنمائی فراہم کریں

- ملاقاتیوں کے داخل ہونے کے لیے ہدایات اور معیار شائع کریں (جیسے، فیس کورنگ، سماجی دوری)
- جہاں ممکن ہو وہاں (جیسے، ویب سائٹ، ای میل کے ذریعے) آمد سے پہلے انتہائی فعال طور پر معیارات اور حاضری کی توقعات پر مواصلت کریں
- سماجی دوری نافذ کرنے اور ٹریفک کی روانی کو کنٹرول کرنے کے لیے فلور مارکنگز اور علامتی تختی استعمال کریں (جہاں مناسب ہو)
- معذور افراد کے لیے مواصلتی تکنیکوں پر غور کریں




## میل جول کم کرنے، ہوا داری بہتر بنانے کے لیے جائے کار کے اعمال میں ترمیم کریں

- اگر قابل عمل ہو تو، سماجی دوری یقینی بنانے کے لیے میوزیم نیویگیشن کو ایڈجسٹ کریں (جیسے یکطرفہ ٹریفک کی روانی، وقف شدہ داخلہ / نکاسی کے راستے) جبکہ ADA کی رسائی پذیری یقینی بنائیں
- غیر ضروری ٹچ ہونے والی سطحوں یا مشترک ساز و سامان تک رسائی بند کر دیں
- ADA کی رسائی پذیری کو یقینی بناتے ہوئے سماجی دوری فعال کرنے کے لیے نشست والے حصوں کو محدود کریں یا ختم کریں
- گھٹن والے مقامات میں پیدل ٹریفک کی روانی کو منضبط کرنے میں مدد کے لیے طبعی رکاوٹیں (جیسے، بیلٹ سے رکاوٹیں) استعمال کریں، معذور افراد کے لیے رسائی یقینی بنائیں
- مناسب ہونے پر، ہوا کی روانی بڑھانے اور دستوں کو چھونا کم کرنے کے لیے دروازے اور کھڑکیاں صحیح سے کھول دیں
- حرارتی، ہوا داری اور ایئر کنڈیشننگ سسٹمز آپریٹ کرنے کے لیے انجینئرنگ کے مناسب ہدایات پر عمل کریں
- اگر قابل عمل ہو تو، اندرون کی جگہوں (جیسے، کھڑکیوں، ہوا داریوں) میں ہوا کی روانی CDC کے ہدایات کے مطابق بڑھائیں

# محفوظ رہیں۔ میوزیمز
## اعمال اور نگرانی



**لچک پذیر ماڈلز**

### بذات خود کام کو محدود رکھیں اور جہاں ممکن ہو ملازم کے میل جول کو کم سے کم کریں

- بذات خود میل جول کم سے کم کریں (جیسے، آن لائن تربیت / عملہ کی ورچوئل میٹنگ کا استعمال کرنے پر غور کریں)
- جہاں بھی ممکن ہو غیر ضروری عملہ کو فاصلاتی طور پر کام کرنے کے مواقع فراہم کریں
- الگ رپورٹ کے اوقات بنائیں یا ملازم کی اورلیپنگ کم کرنے کے لیے A/B شفٹوں میں ردوبدل کریں



**آپریشن کی بحالی**

### جہاں بھی ممکن ہو افراد کے بیچ میل جول کو محدود کریں

- اگر قابل عمل ہو تو بلا رابطہ ٹرانزیکشنز، بشمول ٹکٹ کی خرید اور ٹائم کلاکس کی ترغیب دیں
- جہاں ممکن ہو وہاں، حاضری صرف ریزرویشن تک محدود کریں (جیسے، ٹکٹ لگے ہوئے پرکشش مقامات کے لیے)



**سفر سے متعلق ہدایات**

### کاروبار کے لیے سفر کو محدود کریں

- اگر قابل عمل ہو تو، متعدد میوزیموں / ملحق مقامات پر عملہ کے سفر کو محدود کریں



BE SAFE CHICAGO

جانچ کرنا/
ٹریک کرنا

## جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے مدنظر CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آ جاتا ہے تو انہیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے
- اگر جانچ سے کسی ملازم کی شناخت COVID-19 مثبت کے بطور ہوتی ہے تو صفائی اور جراثیم ربائی CDC کے ہدایات کے مطابق ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم کا بھی ایسے ساتھی کارکن یا دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے ۔ CDC کے ہدایات کے مطابق خود کو کورنٹین کرنا چاہیے
- اگر کسی فسیلیٹی کو 14 دنوں کے اندر امکانی طور پر کسی اسٹبلشمنٹ سے وابستہ 2 یا زائد کیسز کا علم ہو جاتا ہے تو آجروں سے CDPH کے پاس ان کیسز کی رپورٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے
- CDPH کے دیگر تمام طے شدہ ہدایات پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی سفارشات کی تعمیل کریں



BE SAFE CHICAGO

## فرہنگ

**مجمع:** منصوبہ بند یا برجستہ ایونٹس جہاں افراد قریبی معیت (6 فٹ سے کم) میں ایک توسیعی وقت تک گھرانے کے باہر کے افراد سے میل جول کرتے ہیں

**ہاتھ دھونا:** کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم ربا کا استعمال کرکے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

**سماجی دوری:** افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کی جسمانی جگہ۔

**PPE**: ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

## سیلف اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

**از خود اسکریننگ:** ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجۂ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی سانس لینے میں دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟

## مزید رہنمائی کے لیے ملکی وسائل

### جائے کار سے متعلق عام رہنمائی

**CDC** – *COVID-19 کے جوابی کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیشقدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

**CDC** – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

**OSHA** *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:*
https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

### میوزیم سے متعلق رہنمائی

**CDC –** *مجمع اور کمیونٹی ایونٹس کے لیے رہنمائی:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/large-events/index.html

**امریکن الائنس فار میوزیمز –** *COVID-19/کورونا وائرس پر میوزیم فیلڈ کے لیے معلومات:*
https://www.aam-us.org/2020/03/05/information-for-the-museum-field-on-the-covid-19-coronavirus/

**نیشنل سنٹر فار پریزرویشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹریننگ-** ثقافتی وسائل کی جراثیم ربائی سے متعلق معلومات:
https://www.ncptt.nps.gov/blog/covid-19-basics-disinfecting-cultural-resources/

### اعلان دستبرداری

اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی آراء کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ سٹی آف شکاگو خارجی سائٹ کی درستگی، قانونی جواز یا مشمولات کی یا مابعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔ خارجی سائٹس کے مشمولات کے سلسلے میں سوالوں کے جوابات کے لیے رابطہ کریں۔